# سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ

لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی 74200

## غیر معمولی اجلاس عام کا نوٹس

ہر گاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ کا ایک غیر معمولی اجلاس عام بروز جمعہ مورخہ 29 جون 2012 بوقت صبح 10:30 بجے بمقام آڈیٹوریم، انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹس آف پاکستان، چارٹرڈ اکاؤنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984ء کے مطابق کمپنی کے سات ڈائریکٹران کا 3 سال کی مدت کیلئے جو 30 جون 2012ء سے شروع ہوگا کا انتخاب کرنا جیسا کہ بورڈ نے مقرر کیا ہے۔ مندرجہ ذیل ڈائریکٹرز ریٹائر ہو رہے ہیں اور وہ دوبارہ منتخب ہونے کے مجاز ہوں گے۔

میسرز: اقبال علی لاکھانی، ذوالفقار علی لاکھانی، امین محمد لاکھانی، تسلیم الدین اے باٹلے، اے عزیز ایچ ابراہیم، شاہد احمد خان اور کمال شعیب (این آئی ٹی کے نامزد کردہ ڈائریکٹر)۔

حسب الحکم بورڈ

(منصور احمد)

کمپنی سیکریٹری

کراچی: مورخہ 01 جون 2012

### نوٹس:

1- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 23 جون 2012 تا 29 جون 2012 بشمول ہر دو ایام بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر A-1 پہلی منزل، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں 22 جون 2012 تک موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو غیر معمولی اجلاس عام میں ڈائریکٹروں کے انتخاب کے سلسلے میں شرکت کے لئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2- سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں اپنے حصص جمع کرانے والے اراکین اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا CDC اکاؤنٹ نمبر، سب اکاؤنٹ نمبر اور اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ ضرور ساتھ لائیں۔

3- رکن جو غیر معمولی اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ہے کسی دوسرے رکن کو اپنی جگہ شرکت کرنے خطاب کرنے اور ووٹ دینے کے لئے پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔

4- پراکسی فارم کے موثر ہونے کیلئے ان کا مکمل طور پر پُر شدہ اور کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع لیکسن اسکوائر، بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی پر اجلاس کے وقت سے 48 گھنٹے قبل موصول ہونا ضروری ہے۔

5- اراکین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی بابت کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

6- اراکین جنہوں نے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ابھی تک جمع نہیں کروائی، ان سے جلد از جلد کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے یہاں جمع کروانے کی درخواست ہے۔

7- پراکسی فارم اراکین کو ارسال کیا جا رہا ہے۔